Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu) I Semester Examination, March 2023

Paper : MAUR102CCT : Tareekh-e-Adab-e-Urdu

پرچہ: تاریخ ادب اردو

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

.1

i. 'ادب' کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) عربی (b) فارسی (c) سنسکرت (d) ہندی

ii. وہ کون سی ادبی تحریک ہے جس میں جدلیاتی مادیت، طبقاتی کشمکش اور انقلاب کو سامنے رکھ کر ادب کے مسائل پر غور کیا جاتا ہے؟

(a) تحریک ریختہ گویان (b) ترقی پسند تحریک (c) علی گڑھ تحریک (d) رومانیت کی تحریک

iii. ماسٹر رام چند کا تعلق کس کالج سے تھا؟

(a) مہاتما بدھ کالج (b) دلی کالج (c) مولانا آزاد کالج (d) رانا پرتاب کالج

iv. باغ و بہار کس کتاب کا ترجمہ؟

(a) نوطرز مرصع (b) چہار درویش (c) فسانہ عجائب (d) چار شربت

v. 'ورنا کولر ٹرانسلیشن سوسائٹی' کا تعلق کس کالج سے تھا؟

(a) سیوا سدن کالج (b) شیعہ کالج (c) مہاراشٹرا کالج (d) دلی کالج

vi. ولی دکنی کو یہ کس نے مشورہ دیا تھا ''ان تمام مضامین کو جو فارسی میں بیکار پڑے ہیں ریختہ کی زبان میں کام لانا چاہیے''۔

(a) امیر خسرو (b) سعد اللہ خاں گلشن (c) سراج الدین علی خان آرزو (d) شاہ حاتم

vii. انگلستان سے لوٹنے کے بعد سر سید احمد خان نے علی گڑھ میں کون سا تعلیمی ادارہ قائم کیا تھا؟

(a) اسٹیفنس کالج (b) مدرسہ فلاح العلوم (c) کینیڈی کالج (d) مدرستہ العلوم

viii. خاک ہند کس کی نظم ہے؟

(a) غالب (b) اقبال (c) فراق (d) چکبست

ix. انقلاب زندہ باد کا نعرہ کس نے دیا؟

(a) سبھاش چندر بوس (b) حسرت موہانی (c) مولانا محمد علی جوہر (d) بھگت سنگھ

x. وضع اصطلاحات کس کی تصنیف ہے؟

(a) مولوی وحیدالدین سلیم (b) مولانا ظفر علی خاں (c) جوش ملیح آبادی (d) ڈپٹی نذیر احمد

حصہ دوم

2. ایہام گوئی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فوائد و نقصانات پر روشنی ڈالیے۔

3. ریختہ گوئی کے فروغ میں ولی دکنی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

4. دبستان سے کیا مراد ہے۔ اشعار کے حوالے سے دبستان دہلی کی نمایاں خصوصیات تحریر کیجیے۔

5. وہ کیا اسباب تھے جن کی بنا پر سرسید احمد خان نے علی گڑھ تحریک کا آغاز کیا۔ لکھیے۔

6. مابعد جدیدیت سے کیا مراد ہے اپنے خیالات کو قلم بند کیجیے۔

7. ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8. فورٹ ولیم کالج کے اغراض و مقاصد نیز اس کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

9. حلقہ ارباب ذوق کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. دہلی کالج کے مقاصد قیام نیز اس کی خدمات کا مفصل جائزہ لیجیے۔

11. اردو نظم نگاری کے فروغ میں انجمن پنجاب لاہور کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

12. کلاسیکیت کیا ہے؟ کیا رومانیت کلاسکیت کا ردعمل ہے۔ تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

13. اردو کی قومی و وطنی شاعری کا مثالوں کے ساتھ تجزیہ کیجیے۔

14. دہلی میں اصلاح زبان سے متعلق مرزا مظہر جان جاناں اور ان کے رفقاء کی خدمات کو اجاگر کیجیے۔

☆☆☆